34509 - تصاویر کی حرمت والی احادیث کے متعلق آرٹ کا پیشہ رکھنے والوں ک موقف

سوال

تصاویر کی حرمت میں بہت ساری احادیث وارد ہیں، لیکن آرٹسٹ کا اس کے متعلق موقف کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ لوگ ان احادیث کا انکار کرتے ہیں، حالانکہ یہ سنت نبویہ کے مصادر اور کتب میں ثابت ہیں، اس کے ثبوت میں کوئی شک وشبہ نہیں، اور یا پھر یہ لوگ ان احادیث کی تاویل کرتے ہیں، یا یہ دعوی کرتے ہیں کہ یہ احادیث اس دور کے ساتھ خاص تھیں، یا اس کی قسم کے ساتھ مخصوص ہیں، لیکن عمومی احادیث اور صریح ہونے کی بنا پر اس کی کوئی وجہ نہیں بنتی.

اور یہ لوگ یہ بھی خیال کرتے ہیں کہ ایسے اسباب پیدا ہو چکے ہیں جن کا تقاضا ہے کہ اس میں رخصت ہونی چاہیے، حالانکہ واقع اس بات کا شاہد ہے کہ ان آرٹسٹوں کے پاس ایسا کوئی سبب نہیں جو اسے جائز کر سکے، صرف جمال وخوبصورتی کا فن اور رغبت وچاہت اور اپنے خیالات اور خواہش اور ذہن کے پیچھے چل کر اس کی بات تسلیم کرنے کے علاوہ کچھ نہیں.

اور آرٹ کا فن اور پیشہ اختیار کرنے کا مقصد صرف کمائی اور آمدنی کا ذریعہ بنانا ہے، جو کوئی ایسا سبب نہیں بنتا کہ اس کی اجازت دی جائے، کیونکہ بالنص وجوبا اس کی ممانعت موجود ہے، اور پھر یہ اکبر الکبائر میں شامل ہوتا ہے" انتہی.